SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, October 9, 1986

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at five of the clock in the evening, with Mr. Acting Chairman (Malik Muhammad Ali Khan) in the Chair.

(RECITATION FROM THE HOLY QURAN)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَنْ عَمِلَ صَٰلِحًا مِّن ذَكَرٍ

أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُۥ حَيَوٰةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ

أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ ﴿٩٧﴾ فَإِذَا قَرَأْتَ ٱلْقُرْءَانَ

فَٱسْتَعِذْ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيْطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ ﴿٩٨﴾ إِنَّهُۥ لَيْسَ لَهُۥ سُلْطَٰنٌ

عَلَى ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿٩٩﴾ إِنَّمَا

سُلْطَٰنُهُۥ عَلَى ٱلَّذِينَ يَتَوَلَّوْنَهُۥ وَٱلَّذِينَ هُم بِهِۦ مُشْرِكُونَ

ترجمہ : شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم

والا ہے۔ جو شخص نیک عمل کرے گا، مرد ہو یا عورت اور وہ مؤمن

بھی ہوگا تو ہم اس کو دنیا میں پاک اور آرام کی زندگی سے زندہ رکھیں گے اور

آخرت میں ان کے اعمال کا نہایت اچھا صلہ دیں گے۔ اور جب تم قرآن

پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو کہ جو مومن ہیں اور

اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں ان پر اس کا کچھ زور نہیں چلتا۔

اس کا زور انہی لوگوں پر چلتا ہے جو اس کو رفیق بناتے ہیں اور اس

کے وسوسے کے سبب خدا کے ساتھ شریک مقرر کرتے ہیں۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین ٥

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, October 9, 1986

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at five of the clock in the evening, with Mr. Acting Chairman (Malik Muhammad Ali Khan) in the Chair.

(RECITATION FROM THE HOLY QURAN)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَنْ عَمِلَ صٰلِحًا مِّنْ ذَكَرٍ

أَوْ أُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ

أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٧﴾ فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿٩٨﴾ إِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ

عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٩٩﴾ إِنَّمَا

سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم

والا ہے۔ جو شخص نیک عمل کرے گا، مرد ہو یا عورت اور وہ مؤمن

بھی ہوگا تو ہم اس کو دنیا میں پاک اور آرام کی زندگی سے زندہ رکھیں گے اور

آخرت میں ان کے اعمال کا نہایت اچھا صلہ دیں گے۔ اور جب تم قرآن

پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو کہ جو مومن ہیں اور

اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں ان پر اس کا کچھ زور نہیں چلتا۔

اس کا زور انہی لوگوں پر چلتا ہے جو اس کو رفیق بناتے ہیں اور اس

کے وسوسے کے سبب خدا کے ساتھ شریک مقرر کرتے ہیں۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین ہ

QUESTIONS AND ANSWERS

جناب قائمقام چیئرمین : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ وقفۂ سوالات ۔ حاجی ملک فرید اللہ خان صاحب ! وہ تو میرے خیال میں نہیں ہیں ۔ میرا یہ حق تو نہیں بنتا کہ میں یہ تجویز ہاؤس میں پیش کروں کہ سوالات کو پڑھا ہوا تصور کر لیا جائے، امن عامہ پر بحث کے پیش نظر ۔

آوازیں : ٹھیک ہے جی کر لیں ۔

جناب قائمقام چیئرمین : شکریہ ۔ پریولیج موشنز ....جی ۔

جناب احمد میاں سومرو : ہم وہی کریں گے جو آپ چاہتے ہیں taken as read کر لیں جو حقوق سپلیمنٹری سوالات کے ہیں وہ ختم ہو جاتے ہیں یہ صرف میں آپ کے دھیان میں لانا چاہتا ہوں جو چیزیں واضح ہونی ہوتی ہیں وہ رہ جاتی ہیں ۔

جناب قائمقام چیئرمین : جی ہاں ! بالکل ٹھیک ہے ...

قاضی حسین احمد : جناب ! اگر آپ اس کے متبادل یہ تجویز ہماری قبول کر لیں کہ جب وزیر داخلہ صاحب اپنی تقریر کر چکیں تو اس کے بعد ہمیں وزیر داخلہ سے کچھ پوچھنے کی اجازت دی جائے کیونکہ آپ نے یہ طریقہ نکالا ہے کہ وہ concluding speech کر لیتے ہیں اس میں بہت سارے مزید سوالات پیدا ہو جاتے ہیں لیکن ان کو satisfy کرنے کا ہمارے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہوتا ۔ یہ ٹھیک ہے آپ آج وقفۂ سوالات کو ختم کر دیں ۔ اس کے بدلے میں وزیر داخلہ سے پوچھنے کی گنجائش ہمارے لئے چھوڑ دیں ۔

جناب قائمقام چیئرمین : اگر قواعد اجازت دیتے ہیں تو پھر ...

قاضی حسین احمد : میرا خیال ہے کہ قواعد اجازت دیتے ہیں ۔ وزیر داخلہ صاحب بیٹھے ہیں یقیناً مزید سوال اٹھائیں گے ۔

جناب قائمقام چیئرمین : وائنڈ اپ سپیچ کے بعد ہاؤس کی رائے لے لیں گے اور یہ بھی ہو سکتا ہے، میں یقین سے تو نہیں کہہ سکتا کہ دو ہفتے یا تین ہفتے کے بعد آپ کا پھر اجلاس آنے والا ہے تو جو سوالات اٹھیں گے آپ اس میں کسی نہ کسی طریقے سے بحث کر سکتے ہیں میرا خیال ہے ۔ آپ تو پرانے پارلیمنٹیرین ہیں قاضی صاحب ۔

میر نواز خان مروت : جناب والا ! میں اس کے بارے میں آپ کی رولنگ چاہوں گا کہ رولز کے تحت کیا یہ حق پہنچتا ہے کہ ایک آدمی سپیچ وائنڈ اپ کرے، اس کے بعد سوالات و جوابات کا سلسلہ شروع ہو جائے ؟

جناب قائمقام چیئرمین : نہ ہی ایسی پارلیمانی روایت ہے اور نہ ہی رولز اس کی اجازت دیتے ہیں ...... (مداخلت)

جناب احمد میاں سومرو : اس میں کوئی پابندی نہیں ہے، اگر ہاؤس چاہے اس پر بات کرنا تو آپ اجازت دے دیں ...... (مداخلت)

جناب قائمقام چیئرمین : آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں مجھے یاد ہے میں اس وقت کالج میں ہوا کرتا تھا تو آپ ون یونٹ کے زمانے میں ڈپٹی سپیکر ہوا کرتے تھے ۔ تو میاں صاحب آپ سے زیادہ اور کون جانتا ہے ۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! کیوں نہ وزیر داخلہ اپنی تقریر اگلے سیشن میں فرمائیں ۔ اس وقت تک انشاءاللہ لاء اینڈ آرڈر کی صورت حال مزید بہتر ہو چکی ہوگی اور زیادہ اعتماد سے ہماری تقریروں کا جواب دیں گے ۔

جناب قائمقام چیئرمین : جناب والا ! اس کے بعد آدھ گھنٹہ ایڈجرنمنٹ موشنز کا لے لیتے ہیں اور اس کے بعد آپ کی صحت کے پیش نظر اگر آپ بیٹھ کر بھی اپنی تقریر کر لیں گے تو میرا خیال ہے ٹھیک رہے گا ۔

جناب محمد اسلم خان خٹک : جناب والا ! میری گزارش یہ ہے کہ نماز کے بعد اگر آپ کی اجازت ہو تو میں اپنی تقریر شروع کر دوں ۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ جناب قاضی صاحب کو میں یقین دلاتا ہوں کہ میں کوئی ایسی بات نہیں کروں گا جو ان کی طبیعت پر گراں گزرے ۔

قاضی حسین احمد : جناب ! گراں اگر نہ بھی گزرے ، اگر راحت بھی محسوس ہو تو اس میں سوالات تو اٹھیں گے ۔

جناب محمد اسلم خان خٹک : قاضی صاحب کے لئے میرا دروازہ ہر وقت کھلا ہے جس وقت وہ آئیں مجھ سے بات کر لیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : میرا خیال ہے کہ آپ اس ہاؤس کے سب سے پرانے
پارلیمنٹیرین ہیں ایک دو کے سوا احمد میاں سومرو صاحب بھی ہو سکتے ہیں باقی ہم سب
لوگ نئے ہیں ۔ آپ دروازہ سب معزز اراکین کیلئے کھلا رکھیں گے بزرگ ہونے کی
وجہ سے یہ اچھا بھی ہے ۔

AGREEMENT WITH MALIK WALI KHAN KUKIKHEL

150. ***Malik Faridullah Khan**: Will the Minister for States and Frontier Regions be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the former Governor of NWFP Mr. Abdul Ghafoor Khan Hoti and the provincial Government had made an agreement with Malik Wali Khan Kukikhel Afridi at the time of their reconciliation;

(b) whether it is also a fact that the said agreement has not been implemented so far, if so, the reasons therefor; and

(c) the terms and the conditions of the said agreement indicating also its major clauses?

Syed Qasim Shah: (a) The main points of agreement are:

(i) Government will ensure the special status of the Tribal Areas as envisaged in the Constitution of Pakistan;

(ii) Government undertakes to continue to administer the tribal areas in accordance with the provisions of the Constitution of Pakistan and the terms and conditions the treaties and agreements entered into by the Government with the tribesmen from time to time;

(iii) Government will take into account and respect the traditional customs and *riwaj* of the tribesmen; and

(iv) Both the Government and Malik Wali Khan Kukikhel alongwith his group of tribesmen, reiterated their

resolve to abide by the teachings of Quran and Sunnah. Furthermore, Malik Wali Khan Kukikhel and his group reiterated their loyalty to the Government, ideology and integrity of Pakistan and gave undertaking for good behaviour in future.

(b) The agreement is being implemented in the spirit it was signed.

(c) As (a) above.

APPOINTMENT OF RESIDENT COMMISSIONER FOR FATA

151. ***Malik Faridullah Khan**: Will the Minister for States and Frontier Regions be pleased to state:

(a) whether it is a fact that there is a pressing demand in the Federally Administrative Tribal Areas for the appointment of a Resident Commissioner, which has also been supported by the members of Parliament from FATA; and

(b) the reasons for not implementing the proposal so far and whether the Federal Government intends taking any action in this regard?

Syed Qasim Shah: (a) Yes.

(b) The proposal is under consideration of the Government.

ADP FOR FATA

152. ***Malik Faridullah Khan**: Will the Minister for States and Frontier Regions be pleased to state:

(a) whether it is a fact that at the time of formulation of ADP and FATA, members of the Parliament are not consulted and that the ADP is formulated by Political Agents themselves; and

(b) whether the Government intends to prepare the ADP for the Tribal Areas in future in consultation with the elected representatives of FATA?

Syed Qasim Shah: (a) No. Though sectoral allocations for the ADP 1986-87 had been laid down but specific Schemes in each sector especially in Education, Health and Public Health Engineering were yet to be decided in consultation with MNA's and Senators.

(b) Yes. All Commissioners, Deputy Commissioners for Frontier Regions and Political Agents have been asked to associate and consult MNAs and Senators while formulating ADP for FATA in future.

PERSONS ARRESTED FOR POLITICAL REASONS

153. ***Mr. Javed Jabbar:** Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) the total number of persons arrested since August 13, 1986 for political reasons; and

(b) the total number under detention as on August 24, 1986?

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: (a) No one has been arrested for political reasons.

(b) The information regarding arrests made for offences against laws on public tranquility and/or substantive laws is being collected from the provinces and would be laid before the House in due course.

REVIEW OF THE PROMOTIONS TO THE POST OF DEPUTY CHIEF IN PLANNING DIVISION

154. ***Mr. Shad Muhammad Khan:** Will the Minister Incharge of the Establishment Division be pleased to state:

(a) whether it is a fact that promotions made during 1976 to the posts of Deputy Chief (Economic Group) in Planning and Development Division were reviewed by a high level review board.

(b) if so, indicate the decision in each case; and

(c) whether these decisions have been implemented; and if not, the reasons therefor indicating also the steps Government is taking to get these decisions implemented?

Sahabzada Yaqub Khan: (a) Yes.

(b) Cases of two Deputy Chiefs were reviewed by the high powered review board which held their promotion as Deputy Chiefs to be irregular. The recommendations of the review board were put up to the competent authority. While conveying the decisions of the competent authority on the case pertaining to the Planning and Development Division, they were advised in terms of Section 12-A of the Civil Servants Act, 1973 that these two officers should count their seniority as Deputy Chief from the date on which they completed the length of service in lower grade as prescribed under the rules. By then, these Deputy Chiefs had already been reverted as Assistant Chief as a result of representation by other officers who were senior to them but were not considered for promotion as Deputy Chief at the time these officers were promoted.

(c) As the two officers had already been reverted as Assistant Chief on the ground indicated in part (b) the question of counting their seniority as Deputy Chief from the date they completed the length of service in lower grades did not arise.

DISTRICT VIGILANCE COMMITTEES

155. ***Mr. Shad Muhammad Khan**: Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the Federal Government has ordered the formation of vigilance committees district-wise to eradicate corruption;

(b) whether it is also a fact that only MNAs, MPAs have been included in the said committees;

(c) the reasons for not including Senators in such committees; and

(d) whether the Government is prepared to include Senators also in such committees?

(Reply not received).

BALUCHI PROGRAMME ON PTV KARACHI

156. *Mr. Muhammad Ishaq Baluch: Will the Minister for Information and Broadcasting be pleased to state:

(a) whether Pakistan Television intends to broadcast Baluchi programme from its Karachi centre;

(b) if so, when; and

(c) if not, the reasons for not doing so?

Ch. Shujaat Hussain: (a) No.

(b) Television centre Quetta is televising the following Baluchi programmes in the current quarter October–December, 1986:

(1)	Diwan-Weekly ..	.. 25 minutes
(2)	Zemal-Weekly ..	.. 25 minutes
(3)	Qadam-ba-Qadam	.. Once in three weeks 25 minutes.

(c) In view of limited hours of transmission on a single channel PTV is only able to provide air time for local language programmes from its various centres.

ISSUANCE OF NON-PROHIBITED BORE WEAPONS

157. *Maj. Gen. (Retd.) Shirin Dil Khan Niazi: Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) how many licences for non-prohibited bore weapons were issued province-wise, since 23rd March, 1985; and

(b) how many such weapons were imported in the country during the above mentioned period?

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: (a) 56,823 non-prohibited bore licences, break up is as under:—

Punjab	40,367
Sind	7,911
NWFP	5,915
Baluchistan	2,629

(b) The information is awaited from the Ministry of Commerce and will be placed on the table of the House immediately on receipt.

OFFICERS ARRESTED ON THE CHARGE OF CORRUPTION

158. ***Qazi Abdul Latif**: Will the Minister for Interior be pleased to state the total number of officers in Grade-17 and above arrested on charges of corruption during the period from 1st January, 1980 to 30th August, 1986 indicating their names province-wise?

(Reply not received).

DMG OFFICERS IN GRADE 20

159. ***Mr. Shad Muhammad Khan**: Will the Minister Incharge of the Establishment Division be pleased to state:

(a) the total number of D.M.G. officers in Pakistan who are in BPS-20;

(b) is it a fact that for promotion from grade 20 to 21 the length of service required is 20 to 22 years;

(c) is it a fact that some DMG officers have completed more than 30 years of total service and have put in more than eleven years service in BPS-20 have yet to be promoted in the higher grade; and

(d) if so, is the Government prepared to look into the matter and redress the grievance of the affected persons?

Sahabzada Yaqub Khan: (a) 34.

(b) The length of service for promotion to a post in BPS-21 is 22 years in pay scale 17 and above.

(c) Yes.

(d) Completion of the prescribed length of service is a condition of eligibility but does not confer a right to promotion which depends on other factors including availability of a vacant post for promotion. Subject to these conditions, officers have duly been promoted to higher posts from time to time and the question of redressing the grievances of any affected person does not arise.

PCS OFFICERS AND APUG

160. ***Brig. (Retd.) Abdul Qayum Khan**: Will the Minister Incharge of the Establishment Division be pleased to state:

(a) whether Provincial Civil Service (PCS) as such still exists after the services re-organisation of 1973 the enactment of Civil Servant Act, 1973 (Act No. LXXI of 1973) and other consequental enactments of the provincial Government;

(b) whether PCS officers were under the above enactments placed in any occupational group;

(c) if the answer to (b) above be in the negative then to which service or occupational group do they belong;

(d) whether it is fact that all provincial police officers in BPS-19 and above have become members of APUG but former PCS officers have not been absorbed in APUG; and

(e) whether the Government has any plan under consideration to absorb them in appropriate occupational groups?

Sahabzada Yaqub Khan: (a), (b) & (c) The questions concern provincial Governments.

(d) Provincial police officers are appointed in the Police Service of Pakistan/Police Group at the level of BPS-18 against 40 per cent of the senior posts reserved for them under the rules and on such appointment they become members of the cadre of Police Service of Pakistan. They are promoted to BPS-19 posts in due course. No such reservation is available for officers of the former PCS in the APUG.

(e) A proposal is under consideration to provide reservation for them in the DMG.

D.M.G. AND SECRETARIAT GROUP

161. ***Brig. (Retd.) Abdul Qayum Khan**: Will the Minister Incharge of the Establishment Division be pleased to state:

(a) whether it is a fact that some of the officers belonging to the Secretariat Group are presently posted to field posts reserved for DMG officers like Commissioners, Deputy Commissioners, etc.;

(b) whether there are any DMG officers presently posted in the Secretariat jobs reserved for officers belonging to the Secretariat Groups; and

(c) if so, whether Government has any plan to merge the two groups into one?

Sahabzada Yaqub Khan: (a) Yes.

(b) Yes.

(c) The question of re-organising the Secretariat Group and DMG is under consideration of the Government.

MILLS IN FATA

162. ***Malik Saadullah Khan**: Will the Minister for States and Frontier Regions be pleased to state:

(a) whether there is any Flour Mill, Textile Mill or a Vegetable Ghee Factory in FATA especially in North Waziristan Agency; and

(b) if the answer to part (a) above be in the negative, whether there is any proposal under consideration of the Government to establish the aforesaid mills in FATA especially in North Waziristan Agency?

Syed Qasim Shah: (a) At present there is no Flour Mill or Textile Mill in FATA. A Vegetable Ghee Factory in Khyber Agency was established by FATADC during 1976. However, the unit was transferred to the Ghee Corporation of Pakistan in 1978.

(b) At present, there is no such proposal under consideration of the Government to establish such Mills in FATA including North Waziristan Agency.

SUGAR MILL IN FATA

163. ***Malik Saadullah Khan**: Will the Minister for States and Frontier Regions be pleased to state:

(a) whether there is any Sugar Mill established in FATA; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to establish a Sugar Mill at suitable place in FATA, especially at Liaquatpur, if not, the reasons therefor?

Syed Qasim Shah: (a) At present there is no Sugar Mill in FATA.

(b) No such a proposal is under consideration of the Government for the time being to set up a Sugar Mill in FATA including Liaquatpur due to the following reasons:—

(1) There is no sugar-cane growing area in FATA to provide sufficient raw material to support the factory.

(2) Non-availability of technical manpower.

(3) Inadequacy of infrastructure.

(4) Security constraints.

(5) Marketing problems.

As regards Liaquatpur, it is not situated in FATA. It is in the district Rahimyar Khan in Punjab where tribesmen of FATA have been allotted over 200 square of land for agricultural purposes.

LEAVE OF ABSENCE

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب جاوید جبار صاحب نے ۸ ، اور ۹ ، اکتوبر ۱۹۸۶ء کیلئے ایوان سے رخصت چاہی ہے ۔ کیا ایوان رخصت منظور کرتا ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائمقام چیئرمین : جناب شیخ محمد اسلام نے اپنی ذاتی مصروفیات کی وجہ سے ایوان سے رخصت کی درخواست چاہی ہے ۔ کیا ایوان اس کی اجازت دیتا ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائمقام چیئرمین : پریولج موشن کا جہاں تک تعلق ہے وہ کل مولانا سمیع الحق صاحب سے میری کمٹمنٹ ہوگئی تھی کہ رولز کے مطابق آپکو یہ موشن نہیں دینی چاہیئے تھی اگر آپ نے اس کو move کیا ہے تو میں تو کمٹڈ ہوں وہ ڈراپ ہو گئی تھی ، میں آج ٹیلیفون پر آپکو صحیح صورتحال بتانے کیلئے رابطہ کرتا رہا مگر . . . . (مداخلت)

مولانا سمیع الحق : حضرت آپ نے فرمایا تھا کہ پھر . . . (مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین : جی میں نے بالکل یہ وعدہ کیا تھا مگر اس کے بعد یہ رولز آف بزنس میں ...... (مداخلت)

مولانا سمیع الحق : حضرت آپ کی رائے خود رول ہے ۔ اس رول کے بعد

جب آپ نے خود رولنگ دے دی ۔ ۔ ۔ (مداخلت)

جناب قائمقام چیئرمین : اس کے لئے نیا نوٹس درکار ہے بات صرف اتنی ہی ہے ۔

مولانا سمیع الحق : آپ نے مجھے خود کہا تھا ۔ لیکن آج آپ رولز کی بات کرتے ہیں وہ بھی آپ کے رولز ہیں پرسوں بھی میں نے صورت حال بتائی تھی ۔ آپ نے فرمایا تھا کہ جمعرات کو انشاءاللہ ۔

جناب قائمقام چیئرمین : میں نے کمٹمنٹ کی تھی مگر یہ پتہ نہیں تھا کہ کل آپ نہیں ہیں اس لئے میں معذرت خواہ ہوں ۔

مولانا سمیع الحق : لیکن حضرت کل میری آپ سے ۱۲ بجے بات ہوئی تھی ۔ لیکن آپ نے کہا کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (مداخلت)

جناب قائمقام چیئرمین : جی اس کے بعد میں آپ سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کرتا رہا مگر آپ نہیں ملے ۔ آپ نئی دے دیں ۔

مولانا سمیع الحق : وہ بارہ بجے والی بات تھی ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : نہیں بارہ بجے والی نہیں ۔ وہ آپ کے اور خان اقبال احمد خان صاحب کے درمیان چلتی ہے میں اس کی جرأت اور جسارت نہیں کرتا ۔ تحاریک التوا نمبر ۴۳ اور ۴۴ قاضی حسین احمد صاحب اور مولانا کوثر نیازی صاحب کی ہیں ۔ تحاریک التوا کا وقت ذرا نوٹ فرمالیں ۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین صاحب ! میری بھی دو تحاریک التوا کافی دنوں سے پڑی ہوئی ہیں ۔ وہ تو رولز کے مطابق ہیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : میں لسے وقفہ نماز میں دیکھ لیتا ہوں ۔ اگر وہ یہاں ہیں تو میں یہ کوشش کر سکتا ہوں کہ آپ کو آج اس قسم کا موقع مل جائے ۔

مولانا سمیع الحق : رولز کے مطابق ایک ایک رکن کو ایک ایک تحریک التوا پیش کرنے کا موقع ملتا ہے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : تحریک التوا میں پابندی نہیں ہے ۔

مولانا سمیع الحق : میری دو تحاریک التوا ہیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جی جناب قاضی حسین احمد صاحب اور مولانا کوثر نیازی صاحب ۔ یہ دونوں تحاریک التوا ایک ہی مضمون کی ہیں ۔

ADJOURNMENT MOTIONS

(i) *RE:* IMPORT OF PIG FAT IN THE COUNTRY

قاضی حسین احمد : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ روزنامہ نوائے وقت لاہور ۵ اگست میں خبر شائع ہوئی ہے کہ " ملک میں سؤر کی چربی درآمد کی جا رہی ہے "، اس خبر سے مسلمانان پاکستان میں شدید اضطراب و غصہ پیدا ہو گیا ہے ۔ قومی اہمیت ، فوری نوعیت اور انتہائی توجہ کے طالب اس مسئلہ پر تحریک التوا پیش کرتا ہوں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : مولانا کوثر نیازی کو بھی موقع دے دیا جائے تاکہ انکی تحریک کا اکٹھا فیصلہ ہو جائے ۔ دونوں ایک ہی مضمون کی ہیں ۔

مولانا کوثر نیازی : اخباری اطلاعات مظہر ہیں کہ ملک میں درآمد کنندگان اور سرکاری شعبوں کی وضاحتوں کے باوجود سؤر کی چربی اور تیل درآمد کیا جا رہا ہے ۔ تجارتی ذریعوں نے اعلیٰ سطحی حوالے سے بتایا ہے کہ سرکاری ریکارڈ میں یہ درآمدہ سؤر کی چربی اور سؤر کے تیل کے عنوان سے درج ہے اعداد و شمار میں بتایا گیا ہے کہ ۱۹۸۴ — ۱۹۸۵ء میں ۳۳ لاکھ سے زیادہ مالیت کا سؤر کا تیل اور چربی درآمد ہوئی ۔ جبکہ اس سال تقریباً پانچ لاکھ روپے کی درآمد ہو چکی ہے اگرچہ خشک دودھ کے درآمد کنندگان نے حکومت کو یقین دلایا ہے کہ سؤر کی چربی والا دودھ ملک میں درآمد نہیں کیا جا رہا ہے لیکن ملک میں تیار ہونے والے ٹوتھ پیسٹ اور دیگر اشیاء میں خنزیر کے ان اجزاء کے استعمال کے امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے ۔ ایک مسلمان ملک میں خنزیر کے ان اجزاء

کی درآمد کا یہ کاروبار افسوس ناک ہے ۔ لہٰذا میں تحریک کرتا ہوں کہ اس مسئلہ پر ایوان میں بحث کی جائے ۔

جناب تسنیم نواز گردیزی : میں اسے اپوز کرتا ہوں ۔

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین ! یہ مسئلہ فوری نوعیت کا ہے میں ایڈمیسیبلٹی پر بات کروں گا ۔ جب یہ خبر لوگوں تک پہنچی ہے اس کے فوراً بعد ہی میں نے اس کا نوٹس دیا ہے ۔ یہ جو ۵ اگست سے اب تک کا وقفہ گزرا ہے یہ وقفہ تحریک کی اپنی باری آنے کیوجہ سے گزرا ہے ۔ جہاں تک نوٹس کا تعلق ہے ۔ جس وقت یہ خبر لوگوں میں پھیل گئی تھی اور جس وقت یہ خبر منظر عام پر آئی ، اخبارات کے ذریعے سے ہمارے نوٹس میں آئی ۔ اور ظاہر ہے کہ اخبارات میں آنے سے پہلے ہمارے پاس کوئی ایسا ذریعہ نہیں تھا جس سے ہمارے نوٹس میں یہ خبر آسکتی ۔ اس لئے ہم نے اسکا فوری نوٹس لیا ہے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ خبر فوری اہمیت کی حامل ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ حرام و حلال کا مسئلہ ہے اور مسلمانوں کے دین اور ایمان کا مسئلہ ہے ۔ بدقسمتی سے ہماری حکومت اور وزارت خارجہ کے افسران میں کچھ لوگ ایسے پائے جاتے ہیں ۔ میں سب کی بات نہیں کرتا لیکن کچھ لوگ ذمہ دار عہدوں پر موجود ہیں جو مغربی تہذیب کے اتنے عادی ہوگئے ہیں اور مغربیوں کے اتنے ہم نوالہ و ہم پیالہ ہوگئے ہیں کہ انہوں نے ایک اسلامی معاشرے کی بنیادی اقدار فراموش کردی ہیں اور ان کو اس سے اتنا شدید صدمہ نہیں پہنچتا جو ہمارے ملک کے ایک عام مسلمان کو اس طرح کی خبر سے پہنچتا ہے ۔ اسی طرح سے شراب کی کراہت اور حرمت کا جو تصور ایک مسلم معاشرے میں پایا جاتا ہے اس کو آہستہ آہستہ ختم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے اور اب یہ خنزیر اور سؤر کا گوشت جس کا نام لینا بھی مسلمان مناسب نہیں سمجھتے اور اس کا نام سننا بھی ناگوار گزرتا ہے ، اب نوبت یہاں تک پہنچی ہے کہ باقاعدہ کاغذات میں درج کرکے سؤر کی

چربی کو درآمد کیا جاتا ہے ۔ ظاہر ہے جب وہ درآمد ہوتی ہے تو وہ مختلف چیزوں میں استعمال بھی ہوتی ہوگی اور لوگوں کے استعمال میں آتی ہوگی ۔ یہ انتہائی اہمیت کی حامل خبر ہے ۔ اس لئے میری گزارش ہے کہ آپ اس تحریک التوا کو منظور کرلیں اور اس پر بحث کرنے کیلئے کوئی وقت متعین کرلیں ۔ شکریہ ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جی جناب مولانا کوثر نیازی صاحب ۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا میں اپنے محترم دوست قاضی حسین احمد صاحب کے دلائل کا اعادہ نہیں کرنا چاہتا ۔ صرف یہ گزارش کرتا ہوں کہ بدقسمتی کی بات یہ ہے کہ یہ کاروبار خود حکومت کر رہی ہے ۔ صرف عام تجارتی حلقے نہیں کر رہے بلکہ حکومت اس درآمد میں لگی ہوئی ہے اور اس اقدام سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہاں اسلام کس طرح نافذ ہو رہا ہے ۔ اس کا ایوان کو نوٹس لینا چاہیے اور یہ ایسا حساس مسئلہ ہے کہ اس پر ایوان میں ضرور بحث ہونی چاہیے مجھے امید ہے وزیر متعلقہ اس امر کی مخالفت نہیں کریں گے اور ایوان میں ایسا وقت مقرر کیا جائے گا جس میں اس پر تفصیل سے گفتگو کی جا سکے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب مولانا سمیع الحق صاحب !

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین ! یہ نہایت اہم مسئلہ ہے ۔ سینٹ کے پچھلے اجلاسوں میں بھی یہ مسئلہ کسی اور شکل میں اٹھا تھا ۔ اخبارات میں خبر آئی تھی کہ درآمدی دودھ میں بھی یہ اجزاء شامل ہیں اور اس پر کافی لے دے ہوئی تھی ۔ اس وقت کافی حوالے دیئے گئے تھے کہ عرب ممالک میں تفصیلات کے ساتھ ثبوت شائع ہوئے تھے ۔ اس وقت کے وزیر تجارت جناب سلیم سیف اللہ صاحب نے کہا تھا کہ ایک کمیٹی بناتے ہیں ، لیبارٹری میں ٹیسٹ کراتے ہیں اس کی رپورٹ بھی پیش کریں گے تو اس کا بھی کوئی جواب سامنے نہیں آیا ۔ اب تو براہ راست آگیا ہے کہ چربی یہاں پر درآمد ہو رہی ہے اس پر پوری توجہ دیجئے ۔ یہ انتہائی اسلامی اہمیت کا مسئلہ ہے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب تسنیم نواز گردیزی صاحب !

جناب تسنیم نواز گردیزی : جناب چیئرمین ! آج اس تحریک التوا
کو اپوز کرتے ہوئے میں محترم جناب قاضی حسین احمد صاحب اور جناب
کوثر نیازی صاحب کا دل کی گہرائیوں سے احترام کرتا ہوں اور ان کے جذبات
کی قدر کرتا ہوں ۔ ان کی خدمت میں یہ گزارش کر دینا چاہتا ہوں
کہ اس سلسلے میں یا کسی اور معاملہ میں جس طرح ان کے جذبات ہیں ۔ حکومت
کے بھی اسی طرح کے جذبات ہیں ۔ جہاں تک اسلامی قوانین کا تعلق ہے یا
اس قسم کے اجزاء کی درآمد کا سوال پیدا ہوتا ہے تو حکومت اس میں سختی سے
پابندی کرتی ہے ۔ کیونکہ یہ ایک اسلامی ملک ہے ۔ مسلمانوں کی حکومت ہے
اور جو حکومت میں بیٹھے ہیں وہ بھی مسلمان ہیں اور انھیں ان جذبات کا بھی
احساس ہے ۔ مجھے امید ہے کہ اس وضاحت کے بعد جو ابھی میں کرنے والا
ہوں معزز اراکین اس پر اصرار نہیں کریں گے ۔

Sir, under the import policy, import of products and by-products of pigs, hogs, boose and swines are specifically banned. In view of the position that lard oil and pig fat fall under the heading of products and by-products which are banned in the import policy order and import of the same can not be affected by any one in the country.

2. Early during the year 1985 fears were expressed in some quarters that the milk powder imported from abroad contains pig fat. The Ministry of Commerce immediately reacted and took the following steps to check the possibility of the presence of pig fat in the imported milk powder:

1. All Commercial Councillors posted abroad were directed to visit the manufacturing units in their respective countries and ensure that the milk powder exported to Pakistan did not contain pig fat. Reports were received from the Commercial Councillors who confirmed that there was no fat of this kind in the milk powder exported to Pakistan.

2. In addition to the above the Chief Controller, Imports and Exports was directed by this Ministry to obtain a certificate from the importers of milk powder to further check the possibility of presence of pig fat in the imported milk powder. The Chief Controller. Imports & Exports in return issued the following notice on 22nd May, 1985.

> "It is notified for the information of all concerned that the importers of powder milk are required to produce before Custom authorities at the time of clearance of their consignments. a certificate from the competent Government authority or any agency authorized by the Government in the country to the effect that the particular consignment does not contain lard."

3. Inquiry was made about the reported import of pig fat and lard oil as mentioned by the honourable Senators in the adjournment motion. It has been confirmed that no such items were imported and the information was based on the misclassification of other items like terrine. The Federal Bureau of Statistics have been advised to rectify the mistake. Furthermore, licencing authorities have been directed to ensure that the following conditions are endorsed on the import licence:

(a) The letter of credit shall incorporate the condition that the said items shall not contain products, by-products of pigs, hogs, owls and swines.

(b) At the time of clearance from Customs, the importers shall submit before the Customs authorities a certificate from the suppliers that the imported consignment does not contain products, by-products of pigs, hogs, boose, owls and swines.

[Syed Tasneem Nawaz Gardezai]

جناب والا ! اس سلسلے میں جو انھوں نے ایڈجرنمنٹ موشن پیش کی ہے اس کی بنیاد ایک اخباری خبر ہے سٹیٹسٹکس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے یہ ایک غلطی ضرور ہوئی ہے جس پر میں محترم سینیٹر صاحبان کا ، خاص طور پر محترم مولانا کوثر نیازی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انھوں نے اس کو پوائنٹ آؤٹ کیا ہے جس کے بعد ہم نے یہ معاملہ ۔ ۔ ۔ (مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین : اس میں قاضی صاحب بھی ہیں یہ دو حضرات ہیں

سید تسنیم نواز گردیزی : لیکن یہ جو statistics کا معاملہ ہے ، یہ خاص طور پر مولانا صاحب نے پوائنٹ آؤٹ کیا ہے ۔ یہ محکمے نے ضرور غلطی کی ہے اور جب ہم نے دیکھا ہے اور اس میں مداخلت کی تو انھوں نے اپنی غلطی تسلیم کی اور اسے rectify کیا ہے ۔ اصل میں mis-coding ہو گئی تھی ۔ لہٰذا میں ان سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اس موشن پر اصرار نہ کریں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جی مولانا صاحب ۔

مولانا کوثر نیازی : اس کے بارے میں میرے پیش رو ارشاد فرمائیں ، میرا تو یہی مقصد تھا کہ اگر یہ غلطی تھی اور اس کی وزیر صاحب اصلاح کرا رہے ہیں یا ہو گئی ہے تو بہت اچھی بات ہے ، یہی میرا مقصد تھا ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب قاضی صاحب ۔

قاضی حسین احمد : جناب والا ! میں صرف یہ یقین دہانی حاصل کرنا چاہوں گا کہ یہ بتائیں کہ غلطی کیا ہوئی ہے ، کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ غلطی سے انہوں نے صحیح لکھ دیا ہے اور اب انہیں کہا جا رہا ہے کہ اسے ٹھیک کر دو یا ویسے ہی انہوں نے غلط لکھا تھا ۔ یعنی کہیں ایسا تو نہیں کہ انہوں نے کہیں جو واقعی بات تھی وہ لکھ دی تھی ۔ statistics میں اب ان کو اصطلاحات اور نام تبدیل کرنے کیلئے کہا جا رہا ہے یہ اسی طرح ہے جیسے کہ یہاں سود کے بارے میں ہو رہا ہے ۔ ابھی کچھ دن پہلے خبر آئی تھی کہ اسرائیل سے چیزیں امپورٹ کی

گئی ہیں اور یہ چیزیں آپ کے یوٹیلٹی سٹورز میں موجود تھیں - جب یہ خبر آئی اور اس کے خلاف آواز اٹھی تو اس کے بارے میں بھی یہ کہا گیا کہ اسے اب rectified کر دیا گیا ہے اور متعلقہ افراد کی جواب طلبی کر لی گئی ہے - میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس طرح کے عناصر موجود ہیں جو یہ کام کرتے رہتے ہیں - بجائے اسکے کہ کاغذات میں درستی کی جائے اصل محرکات جو ہیں یا جو ایسے افراد ہیں جو ان کاموں میں ملوث ہیں، ان کا سدباب کیا جائے -

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ ، تسنیم نواز گردیزی صاحب۔

سید تسنیم نواز گردیزی : جناب والا ! گزارش یہ ہے کہ جہاں تک محترم بزرگ کے ارشادات کا تعلق ہے کہ اس کی بعد میں تصحیح کی گئی ہے

Statistics Department is not under the control of Commerce Ministry.

ان کی نشان دہی کے بعد ہم نے یہ معاملہ ان سے لیا اور جب یہ دیکھا گیا کہ یہ کس طرح mis-coding ہوئی ہے - اس پر انھوں نے اپنی غلطی تسلیم کی کیونکہ یہ آئٹم جو ہے یہ امپورٹ کیا ہی نہیں گیا - یہ مس کوڈنگ ہوئی ہے نشاندہی کے بعد اسے انہوں نے درست کیا ہے اور ٹیلکس کے ذریعے، انہوں نے ہمیں انفارم کر دیا ہے اس لئے آپ اطمینان رکھیں۔ اگر اس قسم کی کوئی بات ہوئی تو ہم بھی یہاں منسٹری میں بیٹھے ہوتے ہیں اور مسل ہیں ، انشاءاللہ اس قسم کی بات کبھی نہیں ہوگی اور نہ ہونے دی

قاضی حسین احمد : ان کی اس یقین دہانی کے بعد میں اپنی موشن پریس نہیں کرتا -

جناب قائم مقام چیئرمین : ناٹ پریسڈ ، شکریہ۔

قاضی حسین احمد : جناب نماز کا وقت ہو گیا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ابھی پانچ منٹ رہتے ہیں۔

قاضی حسین احمد : جناب نماز کا وقت تو ہو گیا ہے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : نہیں جناب ، میں نماز کا ذکر نہیں کر رہا بلکہ میں کہہ رہا ہوں کہ ایڈجرنمنٹ موشن کا پندرہ منٹ وقت ابھی رہتا ہے اس میں دو موشن اور لی جا سکتی ہیں ۔

قاضی حسین احمد : بالکل صحیح ہے ۔ نماز کے بعد ان کو لے لیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : اب آدھا گھنٹہ کے لئے اجلاس کو نماز مغرب کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے ۔

[*The House adjournment for Maghrib Prayer*].

[*The House re-assembled after the interval with Mr. Acting Chairman (Malik Muhammad Ali Khan) in the Chair*].

جناب قائم مقام چیئرمین : تحریک التوا نمبر ۳۲ ۔ فرید اللہ صاحب نہیں ہیں ۔ قاضی حسین احمد صاحب ۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا کورم نہیں ہے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : بیل بجائی جائے ۔

(کورم بیل بجائی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین : کورم پورا ہو چکا ہے ۔ قاضی حسین احمد صاحب ۔

(ii) *RE:* PROPOSED VISIT OF PRIME MINISTER OF INDIA TO PAKISTAN

قاضی حسین احمد : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ اخباری اطلاعات کے مطابق بھارتی حکومت نے وزیر اعظم راجیو گاندھی کے پاکستان کا دورہ نہ کرنے کا ذمہ دار پاکستان کو ٹھہراتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ پاکستان نے ضروری اقدامات نہیں کئے

جس کی وجہ سے وزیر اعظم بھارت کے دورہ پاکستان کو حتمی شکل نہیں دی گئی معاملہ کی اہمیت کے پیش نظر میں اس پر تحریک التوا پیش کرتا ہوں ۔ یہ اپوز کر رہے ہیں ؟

جناب چیئرمین ! اس معاملے کے بارے میں ظاہر ہے کہ یہ کہا جائے گا کہ continuous matter ہے اور پہلے سے چلا آرہا ہے ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ الزام جو انھوں نے لگایا ہے کہ پاکستان نے اس کے لئے ضروری اقدامات نہیں کئے ، یہ اس کی خبریت ہے اور یہ اس کا نیا پن ہے ۔ اس میں اصل خبر یہی ہے اور اہمیت کی حامل بھی یہی خبر ہے ایک طرف تو مدت سے پاکستان کی حکومت یہ یقین دہانیاں کرا رہی تھی ، کہ ہمارے تعلقات بھارت کے ساتھ بہت بہتر ہو رہے ہیں اور اس کو اپنا بہت بڑا کارنامہ ثابت کرنا چاہتی تھی کہ ہندوستان کے ساتھ انھوں نے تعلقات بہتر کئے ہیں ۔ حالانکہ سیاچین گلیشئر کا معاملہ باقی ہے کشمیر کا معاملہ باقی ہے اور ہندوستانی مسلمانوں پر مظالم ڈھائے جا رہے ہیں ۔ اس کے باوجود مسلسل قومی فخر اور غیرت کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اور نیچے گر کر پاکستان نے یہ کوشش کی ہے کہ ہندوستان کے ساتھ اس کے تعلقات بہتر ہو جائیں ۔ لیکن وہاں سے مسلسل ناز نخرے اور مختلف قسم کے الزامات لگائے جاتے رہے اور اب یہ بالکل اس کی انتہا ہے کہ انھوں نے یہ کہا ہے کہ اصل میں تو ہم اس لئے نہیں گئے کہ پاکستان نے اس کے لئے اقدامات ہی نہیں کئے۔ اس معاملہ کی اہمیت کے پیش نظر اور ہندوستان کے ساتھ تعلقات کے مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ اس پر ایوان میں بحث ہونی چاہیئے اور اس کے لئے میں اس تحریک التواء کو منظور کرنے کی درخواست کرتا ہوں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب زین نورانی صاحب !

جناب زین نورانی : پہلے آپ کی اجازت سے ، اس وقت معزز سینیٹر نے پوچھا کہ اپوز کرتے ہیں یا نہیں کرتے ؟ میں نے اس وقت کھڑے

[Mr. Zain Noorani]

ہو کر opposed نہیں کہا تھا تو اس بوجہ تھی کہ ایک روایت ہے ایک طریق کار ہے، پارلیمنٹ میں، سینٹ میں، اسمبلی میں، کہ دو ممبر ایک ساتھ کھڑے ہو کر نہیں بولتے۔ اگر آنریبل ممبر اپنا نوٹس پڑھنے کے بعد ایک سیکنڈ کے لئے بیٹھ جاتے تو میں کھڑے ہو کر ضرور اپوز کرتا۔ اب دوسری بات ہے، یہ آپ کی مرضی پر ہے اور آنریبل سینیٹر کی مرضی پر ہے کہ پہلے میں بیان دوں یا ٹیکنیکل آبجکشن دوں جیسے چاہیں ویسے میں کروں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جیسے آپ کی منشا ہے۔

جناب زین نورانی : میرا خیال یہ ہے کہ ریکارڈ درست رکھنے لئے پہلے ٹیکنیکل آبجکشن لے ہی لوں اور وہ یہ ہے کہ اگر آپ کے پاس اسی فائل میں اسی موضوع پہ دو ایڈجرنمنٹ موشنز تھیں۔ ایک حاجی فریداللہ خان صاحب کی اور ایک معزز سینیٹر صاحب کی، اگر آپ دیکھیں تو معزز سینیٹر نے اخباری اطلاعات تو کہا ہے لیکن تاریخ کو گول کر دیا ہے۔ اس لئے کہ اگر آپ کمپئر کریں حاجی فریداللہ خان صاحب کے similar ایڈجرنمنٹ موشن آن دی سیم سبجیکٹ سے، تو پتہ چلے گا کہ یہ اخباری اطلاع ۷، اگست کی ہے۔ اور انہوں نے نوٹس گیارہ کو دیا ہے تو immediate نوٹس نہیں ملا۔ اس طرح یہ ۱۷ (اے) کے تحت آؤٹ آف آرڈر ہے۔ اسی طرح یہ ۱۷ (ایف) کے تحت بھی آؤٹ آف آرڈر ہے۔ اس لئے کہ ایک اور ملک کا وزیر اعظم، اپنا یہاں آنے کا پروگرام ملتوی کرتا ہے تو اس کو حکومت پاکستان گھسیٹ کر نہیں لا سکتی ہے۔ لیکن معلوم یہ ہوتا ہے کہ اب تک ہم لوگ پاکستان میں راجیو فوبیا سے suffer کر رہے ہیں، اور اس کی visit "وہ آ رہا ہے" "ملتوی کر رہا ہے" "نہیں کر رہا ہے"، اسی کے اردگرد روزانہ تحت کسی نہ کسی شکل میں آ جاتی ہے۔ چنانچہ اس پر ڈیٹیلڈ سٹیٹمنٹ دینا ضروری ہے اور ڈیٹیلڈ سٹیٹمنٹ دینے سے پہلے یہ ضرور کہوں گا کہ حکومت پاکستان نے یہ کوشش ضرور کی ہے کہ ہندوستان کے ساتھ تعلقات normal ہو جائیں اور حکومت پاکستان

نے یہ دعویٰ ضرور کیا ہے کہ ہم ہندوستان کے ساتھ تعلقات نارملائز کرنے کی کوشش ضرور کر رہے ہیں لیکن یہ دعویٰ کبھی نہیں کیا کہ ہمارے تعلقات ہندوستان کے ساتھ نارملائز ہو گئے ہیں اور اس کوشش کی کڑی میں ایک پروگرام بنا تھا جس کے تحت مختلف levels پر میٹنگز ہونے کے بعد یہ کوشش کی جائیگی کہ دونوں ممالک کے تعلقات نارملائز جائیں مگر اس دوران میں کچھ رکاوٹیں آگئی ہیں جس کا قصور ہم پر عائد نہیں ہوتا۔ تو اس صورت میں حکومت پاکستان کا کیا قصور ہے بہرحال اس کے بارے میں آپ کے سامنے آفیشل سٹیٹمنٹ پڑھے دیتا ہوں۔

